BIBLE
316

# بائبل کیا ہے؟

**بائبل کیا ہے؟** یہ خُدا آپ سے کلام کر رہا ہے۔ یہ صرف خُدا کے متعلق نہیں ہے۔ یہ خُدا کی طرف سے ہے۔ یہ اِلہام سے بڑھ کر ہے۔ یہ اِلہام یعنی (خُدا کا دم) ہے۔ اِسے پڑھیں، اِسے سُنیں۔ اِس کے متعلق سوچیں۔ اِس سے سیکھیں۔ اِس کا اطلاق اپنی زِندگی پر کریں۔ پطرس رسول نے لکھا «نوزائدہ بچوں کی مانند خالِص رُوحانی دُودھ کے مُشتاق رہو تا کہ اُس کے ذریعہ سے نجات حاصل کرنے کے لئے بڑھتے جاؤ» (۱-پطرس ۲:۲)۔

**بائبل کو کون سی چیز منفرد بناتی ہے؟** اِس میں ٦٦ کتابیں ہیں جو تین زبانوں (عِبرانی، آرامی اور یونانی) میں لکھی گئی ہیں۔ اِن کو تقریباً چالیس سے زیادہ مُصنفین نے ۱۶۰۰ سال کے عرصہ میں قلم بند کیا جن میں ایک ہی موضوع ہے جو صدیوں میں مشترکہ اور مستقل طور پر تحریر کیا گیا۔ نئے عہدنامے کی سچائی کی تصدیق ۵۰۰۰ سے زیادہ قدیم مکمل یا جزوی نسخوں کے ذریعے ہو چکی ہے۔ بائبل کے مستند ہونے کی تصدیق اِس کی مکمل پیشین گوئی، جدید آثارِ قدیمہ اور جُغرافیائی درُستگی اور اَمثال کی لازوال حِکمت میں ہُوئی ہے۔ بائبل اب تک کی لکھی گئی سب سے اہم اور مؤثر کِتاب ہے۔ کوئی بھی اَور کتاب اِس کے برابر تعداد میں نہ چھاپی گئی، نہ کِسی اور کتاب نے اِس کی مانند طاقتور طریقے سے زِندگیوں کو تبدیل کیا، نہ اِس قدر تقسیم کی گئی، نہ اِتنی زیادہ زبانوں میں ترجمہ کیا گیا اور نہ اِتنی صدیوں تک برداشت ہی کی گئی۔ بائبل میں ہمیں حتمی سند مِلتی ہے کہ ہمیں کِس چیز پر یقین کرنا چاہئے اور کِس طرح زِندگی گزارنی چاہئے۔

## بائبل کی خصُوصیات کیا ہیں؟

بائبل خُدا کا اِلہام ہے «ہر ایک صحیفہ خُدا کے اِلہام سے ہے» ۲-تیمُتھِیُس ۱٦:۳۔

بائبل سچی ہے۔ یسُوع نے دُعا کی، «اُنہیں سچائی کے کلام کے وسیلہ سے مُقدّس کر۔ تیرا کلام سچائی ہے» یوحنا ۱۷:۱۷۔

بائبل بہترین تفصیلات کے لئے دُرست ہے۔ یسُوع نے کہا، «کیونکہ مَیں تُم سے سچ کہتا ہُوں کہ جب تک آسمان اور زمین ٹل نہ جائیں ایک نُقطہ یا ایک شوشہ تَوریت سے ہرگز نہ ٹلے گا جب تک سب کچھ پُورا نہ ہو جائے» متی ۵:۱۸۔ اصل نوِشتوں کی دُرستگی کو برقرار رکھا گیا ہے تا کہ ترجمے لفظ بہ لفظ بہترین ۹۹ فی صد دُرست ہوں۔

بائبل پاک ہے۔ «خُداوند کا کلام پاک ہے اُس چاندی کی مانند جو بھٹی میں مٹّی پر تائی گئی اور سات بار صاف کی گئی ہو» زبُور ۱۲:٦۔

بائبل ابدی ہے۔ «ہاں گھاس مُرجھاتی ہے۔ پھُول کُملاتا ہے پر ہمارے خُدا کا کلام ابد تک قائم ہے» یسعیاہ ۴۰:۸۔ بائبل آج بھی اُتنی ہی معنی خیز اور قابلِ عمل ہے جتنی اُس وقت تھی جب اسے پہلی بار لکھا گیا تھا۔

بائبل طاقتور ہے۔ عِبرانیوں ۴:۱۲، «کیونکہ خُدا کا کلام زِندہ اور مؤثر اور ہر ایک دو دھاری تلوار سے زیادہ تیز ہے اور جان اور رُوح اور بند بند اور گُودے کو جُدا کر کے گُذر جاتا ہے اور دِل کے خیالوں اور اِرادوں کو جانچتا ہے»۔

## بائبل سے کون سے ذاتی فائدے حاصل ہوتے ہیں؟

بائبل ہمیں تیار کرتی ہیں۔ «ہر ایک صحیفہ جو خُدا کے اِلہام سے ہے تعلیم اور اِلزام اور اِصلاح اور راستبازی میں تربیت کرنے کے لئے فائدہ مند بھی ہے۔ تاکہ مردِ خُدا کامل بنے اور ہر ایک نیک کام کے لئے بالکل تیار ہو جائے» ۲-تیمُتھِیُس ۱٦:۳-۱۷۔

بائبل گُناہ نہ کرنے میں ہماری مدد کرتی ہے۔ زبور ۱۱۹:۹، ۱۱۔ «جوان اپنی روِش کِس طرح پاک رکھے؟ تیرے کلام کے مُطابق اُس پر نگاہ رکھنے سے۔۔۔ مَیں نے تیرے کلام کو اپنے دِل میں رکھ لیا ہے تا کہ مَیں تیرے خِلاف گُناہ نہ کرُوں»۔

بائبل ہمیں آج (ہمارے اگلے قدم) کے لئے راہنمائی فراہم کرتی ہے اور ہمارے مستقبل (یعنی راستہ چلنے) کے لئے راہنمائی کرتی ہے۔ «تیرا کلام میرے قدموں کے لئے چراغ اور میری راہ کے لئے روشنی ہے» زبور ۱۱۹:۱۰۵۔

بائبل ہمیں حِکمت دیتی ہے۔ «تیری باتوں کی تشریح نُور بخشتی ہے۔ وہ سادہ دِلوں کو عقل مند بناتی ہے» زبور ۱۱۹: ۱۳۰۔ پُرانے عہد نامہ کی اَمثال میں لازوال حِکمت پائی جاتی ہے۔

بائبل مُشکل میں ہماری مدد کرتی ہے۔ زبور ۱۱۹: ۵۰ ہماری حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ «میری مُصیبت میں یہی میری تسلی ہے کہ تیرے کلام نے مجھے زِندہ کیا ہے»۔

بائبل اُمید فراہم کرتی ہے۔ «کیونکہ جِتنی باتیں پہلے لکھی گئیں وہ ہماری تعلیم کے لئے لکھی گئیں تاکہ صبر سے اور کتابِ مُقدّس کی تسلی سے اُمید رکھیں» رُومیوں ۱۵: ۴۔

بائبل اِطمینان بخشتی ہے۔ زبور ۱۱۹: ۱۶۵ وعدہ کرتی ہے۔ «تیری شریعت سے محبت رکھنے والے مُطمئن ہیں»۔

بائبل خُوشی بخشتی ہے۔ یرمیاہ ۱۵: ۱۶ مِثال دیتی ہے۔ «تیرا کلام مِلا اور مَیں نے اُسے نوش کیا اور تیری باتیں میرے دِل کی خُوشی اور خُرمی تھیں کیونکہ اَے خُداوند ربّ الافواج! مَیں تیرے نام سے کہلاتا ہُوں»۔

**کسی کو بائبل کو کیسے پڑھنا یا سُننا چاہئے؟** ایک سے زیادہ آیات کا جائزہ لیں۔ «ہر ایک صحیفہ جو خُدا کے الہام سے ہے تعلیم اور اِلزام اور اِصلاح اور راستبازی میں تربیت کرنے کے لئے فائدہ مند بھی ہے» ۲۔تیمُتھِیُس ۳: ۱۶۔ کے چار مقاصد پر غور کریں۔ جب آپ بائبل پڑھتے یا سُنتے ہیں جو مندرجہ ذیل چار سوال پوچھیں۔ یہ مجھے کیا سِکھاتی ہے؟ یہ مجھے کیسے ملامت کرتی ہے؟ مجھے کیا اِصلاحات کرنے کی ضرورت ہے؟ یہ مجھے کیسے راستباز بننے کی تربیت دیتی ہے؟

**اگر میرے پاس بائبل نہیں ہے؟** ہرممکن کوشش کریں کہ بائبل کا اچھا ترجمہ خریدیں۔ اگر آپ خرید نہیں سکتے تو آن لائن مُفت پڑھنے یا سُننے کے لئے بہت سے دستیاب ہیں۔ ایک بائبل خریدنے اور دوستوں کو سُنانے پر غور کریں۔ یا اپنے چرچ یا اپنے ساتھی اِیمانداروں سے کہیں کہ وہ جماعت میں سے ایک شخص کو بائبل پڑھ کر سُنانے کا کہیں۔ «زیادہ مُبارک وہ ہیں جو خُدا کا کلام سُنتے اور اُس پر عمل کرتے ہیں» (لُوقا ۱۱: ۲۸)۔

**بائبل کے اُستاذہ اور راہنماؤں کے لئے چند خصوصی آیات کون سی ہیں؟** یسُوع کے شاگرد بنیں جو کلام پر قائم رہتے ہیں (اِس کے مطابق زِندگی بسر کرتے ہیں)۔ «پس یسُوع نے اُن یہودیوں سے کہا جِنہوں نے اُس کا یقین کیا تھا کہ اگر تُم میرے کلام پر قائم رہو گے تو حقیقت میں میرے شاگرد ٹھہرو گے» یوحنا ۸: ۳۱۔ اپنی تصدیق کے لئے بائبل کا مطالعہ کریں۔ «اپنے آپ کو خُدا کے سامنے مقبُول اور ایسے کام کرنے والے کی طرح پیش کرنے کی کوشش کر جس کو شرمندہ ہونا نہ پڑے اور جو حق کے کلام کو دُرستی سے کام میں لاتا ہو» ۲۔تیمُتھِیُس ۲: ۱۵۔

**بائبل ابدی طور پر کیوں اہم ہے؟** یُوحنا رسول نے اپنی اِنجیل لکھنے میں اپنے مقصد کو واضح کیا۔ اُس مقصد کا اطلاق پُوری بائبل پر کیا جا سکتا ہے۔ «اور یسُوع نے بہت سے معجزے شاگردوں کے سامنے دِکھائے جو اِس کتاب میں لکھے نہیں گئے۔ لیکن یہ اِس لئے لکھے گئے کہ تُم اِیمان لاؤ کہ یسُوع ہی خُدا کا بیٹا مسیح ہے اور اِیمان لا کر اُس کے نام سے زِندگی پاؤ» یوحنا ۲۰: ۳۰-۳۱۔ آپ یسُوع پر کیسے اِیمان لا کر ہمیشہ کی زِندگی پاتے ہیں؟ مندرجہ ذیل www.Gospel316.org ویب سائٹ پر دریافت کریں۔

**«ہاں گھاس مُرجھاتین ہے۔ پھُول کُملاتا ہے پر ہمارے خُدا کا کلام ابد تک قائم ہے» یسعیاہ ۴۰: ۸۔**

---

بائبل کیا ہے؟ ۲۰۲۵ از قلم جان ڈی، مورِس سوم، Acts One Eight کی جانب سے شائع کیا گیا۔ آپ اِس مواد میں کوئی تبدیلی کئے بغیر اِس کو پرِنٹ کر سکتے، کاپی کر سکتے ہیں، ای میل کر سکتے ہیں، یا کِسی کو پیغام کے طور پر بھیج سکتے ہیں۔ آپ پہلے صفحہ کے اُوپر اپنی منسٹری یا چرچ کا نام لکھ اور اپنا لوگو لگا سکتے ہیں اور صفحہ نمبر دو پر نیچے اپنے رابطے کی معلومات شامل کر سکتے ہیں۔ بائبل ۳۱۶ صرف بائبل پر مبنی ہے۔ یہ یسُوع مسیح پر اِیمان لانے اور پھر اُس کے شاگرد بننے کی غرض سے ترقی کرنے میں لوگوں کی مدد کرنے کے لئے موجود ہے۔ (اگر ممکن ہو تو آپ انگریزی میں مندرجہ ذیل Hello@Mail316.org ویب سائٹ پر ای میل کر سکتے ہیں۔ پر ای میل کر سکتے ہیں: Acts One Eight آپ پر دستیاب ہے۔ www.ChristianLingua.com انگریزی کے علاقہ دیگر زبانوں میں۔ پر مُفت دستیاب ہے۔ www.Bible316.org بائبل کیا ہے؟ ۴۸ زبانوں میں انگریزی ورژن میں بائبل کے حوالے «دی لاک مین فاؤنڈیشن» کی نیو امریکن سٹینڈرڈ بائبل ۱۹۹۵ سے لئے گئے ہیں۔ اِس ترجمہ میں بائبل کے حوالہ جات ریوائزڈ ورژن ۲۰۲۱ پاکستان بائبل سوسائٹی سے لئے گئے ہیں۔